© rasailojaraid.com



گوشہ عافیت کا یہ نیوز لیٹر اس کی سرگرمیوں کا ایک عکس ہے اور اس کے مقاصد بھی واضح کرتا ہے۔

ہمارے معاشرے میں خواتین جن مسائل سے دوچار ہوتی ہیں اور پھر جس طرح بے بس و لاچار ہو جاتی ہیں (کہ رشتے دار بھی دشمن بن جاتے ہیں)، اس پس منظر میں اصحابِ خیر کے بنائے ہوئے گوشہ عافیت جیسے ادارے ایک نعمت غیر مترقبہ سے کم نہیں۔ یہ باعزت پناہ گاہ ہزاروں خواتین کے لیے ایک سہارا ہے۔ یہاں نہ صرف ضروریاتِ زندگی فراہم کی جاتی ہیں بلکہ زندگی کا مقصد واضح کیا جاتا ہے اور ہنر سکھا کر خود اعتمادی دی جاتی ہے۔ اب تک ۱۹۰۰ خواتین یہاں آ کر جا چکی ہیں۔ بہت سی ورثا کے سپرد ہوئیں، لاوارثوں کی شادیاں بھی کروائی گئیں۔ کئی خواتین کی آپ بیتیاں بھی شاملِ اشاعت ہیں۔ انڈسٹریل ہوم بھی اس عمارت میں قائم ہے۔ یہ ٹرسٹ کی اپنی عمارت ہے۔

امیر جماعت اسلامی سید منور حسن کے مطابق: ''گوشہ عافیت بے سہارا خواتین و بچوں کو تحفظ، ان کی کفالت اور ان کو فنی تعلیم میں برکت دے کر اپنے پاؤں پر کھڑا کر کے معاشرے کا مفید شہری بنانے میں مصروف ہے''۔ (م-س)

## تعارف کتب

⊙ **آیۃ البرّ ایک مطالعہ**، پروفیسر ڈاکٹر حسن الدین احمد۔ ناشر: اسلامک ریسرچ اکیڈمی، کراچی۔ تقسیم کنندہ: اکیڈمی بک سنٹر، ڈی-۳۵، بلاک ۵، فیڈرل بی ایریا، کراچی۔ فون: ۳۶۳۴۹۸۴۰-۰۲۱۔ صفحات: ۹۹۔ قیمت: ۱۰۰ روپے۔ [سورۂ بقرہ کی آیت ۱۷۷، جسے آیۃ البرّ بھی کہتے ہیں، کا چار تقاضوں: ایمان، انفاق، معاشرتی تعلقات اور صبر و استقامت کے تحت مفصل مطالعہ۔ قرآن و حدیث اور سیرت کے ساتھ ساتھ حالاتِ حاضرہ پر بھی انطباق کیا گیا ہے۔ مناسب ہوتا کہ آغاز میں آیت اور ترجمہ دیا جاتا، نیز بہتر فہم کے لیے ضمنی سرخیوں کی ضرورت محسوس ہوتی ہے۔ تفاسیر اور اسلامی لٹریچر کی فہرست آخر میں بطور مآخذ دی جاتی تو مفید ہوتا۔]

⊙ **حضورؐ کی خوشیاں**، مؤلف: پروفیسر عبدالحمید ڈار۔ ناشر: نشریات، ۴۰- اُردو بازار، لاہور۔ فون: ۴۵۸۹۴۱۹-۰۳۲۱۔ صفحات: ۶۴۔ قیمت: ۵۰ روپے۔ [نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی حیاتِ مبارکہ سے ان لمحات کا انتخاب جب آپؐ نے خوشی و مسرت کا اظہار فرمایا۔ احادیث کے ساتھ ساتھ سیرتِ طیبہ کی جھلکیاں بھی پیش کی گئی ہیں۔ حقیقی مسرت کے حصول کے لیے لہو و لعب، نام و نمود اور اسراف و تبذیر کے بجائے اسوۂ رسولؐ کی پیروی کی دعوت دی گئی ہے۔]

---

© rasailojaraid.com